سانحۂ ارتحال

''فکر و نظر'' کا یہ شمارہ آج مورخہ ۱۳؍ اکتوبر ۲۰۰۹ء بروز منگل آخری مرحلہ میں تھا کہ اچانک یہ افسوسناک خبر ملی کہ نامور دانشور، ادیب اور سیرت نگار پروفیسر عبدالجبار شاکر صاحب شفاء انٹرنیشنل ہسپتال اسلام آباد میں داعیٔ اجل کو لبیک کہہ گئے ''انا للہ و انّا الیہ راجعُون''۔

مرحوم و مغفور اپنی علمی وجاہت کے ساتھ ساتھ ایک بلند پایہ خطیب بھی تھے۔ چار سال تک دعوۃ اکیڈمی کے ڈائریکٹر کی حیثیت سے نمایاں خدمات سرانجام دیں اور ساتھ فیصل مسجد اسلام آباد میں جمعہ کے خطبہ کا فریضہ بطریق احسن سرانجام دیتے رہے۔ مرحوم اِن دنوں ادارہ تحقیقاتِ اسلامی کے سیرۃ سٹڈی سنٹر کے ڈائریکٹر کے منصب پر فائز ہوئے تھے۔ اللہ جل شانہٗ مرحوم کی دینِ حقہ کی ترویج و اشاعت کے لیے کی جانے والی مساعیٔ جملیہ کو قبولیت سے سرفراز فرمائے اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عنایت فرمائے، آمین۔